Urdu - ICS Part 1 Urdu Chapter 26 Short Questions Preparation

Q1. مرغ ادبداکر کس وقت اذان دیتا ہے.

Ans 1: مصنف کے بقول مرغ اوبدا کر اس وقت ازان دیتا ہے جب خدا کے گنہگار بندے خواب غفلت میں پڑے ہوں.

Q2. کبوتر کو کس بات کی علامت قرار دیا جاتا ہے.

Ans 1: کبوتر کو امن اور سلامتی کی علامت قرار دیا جاتا ہے

Q3. قنوطی شخص سے کیا مراد ہے.

Ans 1: مصنف کے خیال میں قنوطی شخص ایسے شخص کو کہتے ہیں جس کا عقیدہ ہو کہ اللہ تعالی نے آنکھیں رونے کے لیے بنائی ہیں.

Q4. مرغیوں کی نسل کس تناسب سے بڑھتی ہے.

Ans 1: مرغیوں کی نسل دو اور چار کے تناسب سے بڑھتی ہے

Q5. کوئی بھی مرغی عمر طبعی کو کیوں نہیں پہنچ پاتی

Ans 1: انسانوں کی خوراک بن جانے کی وجہ سے کوئی بھی مرغی عمر طبعی کو پہنچ نہیں پاتی

Q6. شکاری کا کردار کس بات کی علامت ہے.

Ans 1: شکاری کا کردار بیرونی دشمن اور حملہ آور کی علامت ہے

Q7. ایک اعلی نسل کی مرغی سال میں کتنے انڈے دیتی ہے.

Ans 1: ایک اعلی نسل کی مرغی سال میں اوسطا دو سے ڈھائی سو تک انڈے دیتی ہے

Q8. مصنف کے ڈیڑھ سالہ تجربہ کا نچوڑکیا ہے.

Ans 1: مصنف کے ڈیڑھ سالہ تجربہ کا نچوڑ یہ ہے کہ مرغیاں دڑبے کے سوا ہر جگہ نظر آتی ہیں آور جہاں نظر نہ آئیں وہاں ہونے کا ثبوت دیتی ہیں.

Q9. ابن انشا کو ڈاکٹر بننے کی ضرورت کیوں پیش ائی

Ans 1: ابن انشا کو ڈاکٹر بننے کی ضرورت اس لیے پیش آئی کہ ان کے ساتھ وفد میں سب ڈاکٹر تھے

Q10. مصنف کے خیال میں گندے آنڈوں کا کیا مصرف ہے.

Ans 1: مصنف کے خیال میں گندے انڈے ہوٹلوں اور سیاسی جلسوں کے لیے دگنے داموں بیچے جاسکتے ہیں.
